19مارچ2019ء

پاکستان میں چینی یو آن میں کلیئرنگ اور سیٹلمنٹ کے مقامی میکنزم میں توسیع

بینک دولت پاکستان نے اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک پاکستان لمیٹڈ کو پاکستان میں اپنا مقامی چینی یو آن کلیئرنگ اور سیٹلمنٹ سیٹ اپ قائم کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ اب اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک پاکستان، چینی یو آن میں ہونے والے لین دین، جیسے چین سے آنے اور جانے والی ترسیلات زر، کے تصفیے میں سہولت کی خاطر پاکستان میں کام کرنے والے بینکوں کے چینی یو آن میں کھاتے کھول سکتا ہے۔ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک چینی یو آن میں لین دین کے تصفیے کے لیے انٹر بینک مارکیٹ میں چینی یو آن میں سیالیت بھی فراہم کر سکتا ہے۔

یہاں یہ ذکر بے محل نہ ہوگا کہ اسٹیٹ بینک چین اور پاکستان کے درمیان تجارت اور فنانسنگ کی لین دین کے لیے مقامی کرنسی کے استعمال کی حوصلہ افزائی کی خاطر سازگار پالیسی اور ضابطہ کاری کے ماحول کی فراہمی میں پیش پیش ہے۔

قبل ازیں اسٹیٹ بینک نے 2015ء میں انڈسٹریل اینڈ کمرشل بینک آف چائنا لمیٹڈ کو اور 2018ء میں بینک آف چائنا لمیٹڈ پاکستان کو اسی طرح پاکستان میں چینی یو آن میں کلیئرنگ اور سیٹلمنٹ میکنزم قائم کرنے کی اجازت دی تھی۔

توقع ہے کہ پاکستان میں چینی یو آن میں مقامی کلیئرنگ اور سیٹلمنٹ میکنزم سے مقامی بینکاری نظام کے اندر چینی یو آن کی لین دین بہتر ہوگی، مارکیٹ کی سیالیت بڑھے گی اور مسابقت کے فروغ اور چینی یو آن کے وسائل میں بہتری آنے کے نتیجے میں چین کے ساتھ تجارت و سرمایہ کاری میں سہولت پیدا ہوگی۔

**